4823CH10


# جنگل

پھیلے پھیلے بِکھرے بِکھرے لیٹے لیٹے جنگل ہیں
گھرے گھرے ٹھہرے ٹھہرے سوئے سوئے سائے ہیں

رِستے رِستے بہتے بہتے چھوٹے چھوٹے چشمے ہیں
چُپکے چُپکے بھوٗرے بھوٗرے سوئے سوئے رستے ہیں

آدھے آدھے پوٗرے پوٗرے تیکھے تیکھے کانٹے ہیں
تپتے تپتے سہمے سہمے دُبکے دُبکے ذرّے ہیں

چلتے چلتے رُکتے رُکتے تکتے تکتے کیڑے ہیں
نیلے نیلے پیلے پیلے لمبے لمبے طوطے ہیں



© NCERT not to be republished



اُڑتے اُڑتے گاتے ننّھے ننّھے پنچھی ہیں
جاتی جاتی، ہٹتی، کٹتی، ندّی ہے

نیچے نیچے پیارے پیارے نیارے پودے ہیں
تپلی تپلی چھوٹی لمبی لمبی شاخیں ہیں

ایسے ایسے ویسے کیسے کیسے پتّے ہیں
سوکھے سوکھے پھیکے پھیکے دُبلے دُبلے ڈنٹھل ہیں

بِکسے بِکسے نِکھرے نِکھرے مہکے مہکے غنچے ہیں
بھینی بھینی میٹھی میٹھی اُڑتی خوش بو ہے



میراجی، یوسف ظفر



© NCERT not to be republished

## مشق

I پڑھیے اور سمجھیے :

| | | |
|---|---|---|
| چشمے | : | پانی کے سوتے |
| تیکھے | : | تیز، نوک دار |
| تپتے | : | گرم |

| | | |
|---|---|---|
| دُبکے دُبکے | : | سمٹے ہوئے |
| ذرّے | : | دھول مٹّی کے باریک ریزے، جَو کا 100/1 حِصّہ |
| نیارے | : | انوکھے |
| شاخ | : | ٹہنی |
| بِکسے | : | کِھلے ہوئے |
| غنچہ | : | اَدھ کِھلا پھوُل، کلی |
| بھینی | : | ہلکی |

## II سوچیے اور بتایئے:

1۔ جنگل میں سائے کیسے معلوم ہوتے ہیں؟

2۔ نظم میں آدھے آدھے پورے پورے تیکھے تیکھے الفاظ کس چیز کے لیے استعمال کیے گئے ہیں؟

3۔ جنگل میں ننھے ننھے پنچھی کیا کرتے ہیں؟

4۔ ندی کیسے بہہ رہی ہے؟

5۔ کلیوں میں کیسی خوش بُو ہے؟

6۔ اس نظم میں جنگل کی کن کن چیزوں کا ذکر کیا گیا ہے؟

## III مصرعوں کو صحیح لفظوں سے پورا کیجیے:

پھیلے پھیلے ........................ لیٹے لیٹے جنگل ہیں

اُڑتے اُڑتے گاتے گاتے .............. پنچھی ہیں

پتلی پتلی، چھوٹی چھوٹی لمبی لمبی ................ ہیں

........................... ہٹتی ہٹتی کٹتی کٹتی ندّی ہے



© NCERT not to be republished

IV نیچے دی گئی مثال کے مطابق آپ بھی الفاظ بنائیے:

چھوٹے چھوٹے — چھوٹی چھوٹی

تیکھے تیکھے

دہکے دہکے

دبلے دبلے

مہکے مہکے

V اسم اور صفت کی تعریف آپ پڑھ چکے ہیں۔ اس نظم میں جگہ جگہ بہت سی چیزوں اور ان کی صفتوں کا ذکر ہوا ہے۔

- نظم سے پانچ اسم اور ان کی صفات تلاش کر کے لکھیے:

VI نیچے دیے ہوئے جمع لفظوں کے واحد بنائیے:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| سائے | چشمے | رستے | کانٹے | ذرّے |
| کیڑے | طوطے | پودے | غنچے | پتّے |

VII عملی کام:

- اس نظم کو بار بار پڑھیے اور یاد کیجیے۔

© NCERT not to be republished